کیا عورت احرام کے دوران موزے پہن سکتی ہے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا میں احرام کے دوران موزے پہن سکتی ہوں؟

سائلہ: ام عبداللہ (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

جی ہاں ! آپ احرام کے دوران موزے (Leather Socks) پہن سکتی ہیں جیساکہ بہار شریعت میں مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: عورت کو چند باتیں جائز ہیں ۔۔۔غلافِ کعبہ کے اندریوں داخل ہونا کہ سرپر رہے منہ پرنہ آئے، دستانے، موزے، سلے کپڑے پہننا (جائز ہے)۔

(بہار شریعت ج1 ص1083 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:1-7-2018

QASIM ZIA